سوال

(199) شادی کے لئے دین دار لڑکی کیسے تلاش کریں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا کہ جب شادی کرو تو دین دار لڑکی سے شادی کرو۔ سوال یہ ہے کہ ہم کیسے جانیں کہ لڑکی دین دار ہے یا نہیں۔ کیونکہ قرآن پڑھنا یا نماز پڑھنا یہ تو کامن چیزیں ہیں اور بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ مرد حضرات تو دین دار ہوتے ہیں لیکن گھر کا ماحول دینی نہیں ہوتا۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس سلسلے میں آپ اللہ سے مدد طلب کریں استخارہ کریں اور کثرت سے دعا کیا کریں ،ان شاء اللہ ،اللہ ضرور کوئی راستہ کھول دیں گے ۔ ویسے نماز اور قرآن پڑھنا بھی دینداری کا مظہر ہے اور نماز انسان کو برائی و بے حیائی کے کاموں سے روکتی ہے ،لہذا امید رکھنی چاہئے کہ نماز لڑکی دیگر امور میں بھی شریعت کی پابند ہوگی۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد01